روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 11 مئی 2009ء 15 جمادی الاول 1430 ہجری 11 ہجرت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 103

صلہ رحمی کرنے والا وہ ہے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

صلہ رحمی کرنے والا وہ نہیں جو احسان کے بدلے احسان کرے۔ صلہ رحمی کرنے والا تو وہ ہے کہ جب اس سے رحمی تعلق کاٹا جائے تب بھی وہ اس کو جوڑے اور احسان کرے۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب لیس الواصل بالمکافی حدیث نمبر:5532)

شیطان فقر سے ڈراتا اور فحشاء کا حکم دیتا جب کہ اللہ تعالیٰ بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے

اللہ تعالیٰ کی رحمت عام اور وسیع، جبکہ غضب قانون الٰہی سے تجاوز کرنے پر ظاہر ہوتا ہے

تقویٰ، عبادت اور مالی قربانیاں کرو، خدا تعالیٰ سے محبت کرو اور اس کی آیات پر ایمان لاؤ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 8 مئی 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 8 مئی 2009ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ متعدد زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام الواسع بھی ہے جس کا مطلب ہے وہ ذات جس کا رزق اس کی ساری مخلوق پر حاوی ہے، جس کی رحمت ہر چیز پر حاوی ہے، جس کا غنی ہونا ہر احتیاج پر حاوی ہے، جس سے جب سوال کیا جاتا ہے تو رحمت وسیع سے وسیع تر ہوتی جاتی ہے۔ وہ ذات جو ہر ایک چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور ہر ایک چیز کا علم رکھتی ہے۔ حضور انور نے قرآن کریم کی بعض آیات پیش کیں جن میں خدا تعالیٰ نے بعض باتوں کی طرف مومنوں کو توجہ دلاتے ہوئے انہیں اپنی صفت واسع کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا سورۃ البقرۃ آیت 269 میں شیطان کا بندوں کو ورغلانے کا ذکر ملتا ہے کہ شیطان غربت سے ڈراتا اور فحشاء کا حکم دیتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ اپنی جناب سے بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے۔ بے شمار جگہ پر اللہ تعالیٰ نے ہمیں مختلف حوالوں سے شیطان سے بچنے کی تلقین فرمائی ہے کہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ نیک اعمال بجا لاؤ، عبادات کی طرف توجہ کرو۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ قرآن کریم میں بیان شدہ واقعات پرانی باتیں نہیں بلکہ آئندہ کے لئے پیشگوئیاں ہیں اس لئے اگر حقیقی مومن ہو تو ان سے نصیحت حاصل کرو۔

حضور انور نے فرمایا کہ شیطان تمہیں فقر سے ڈراتا ہے۔ فقر کے معنی غربت اور ریڑھ کی ہڈی کے ٹوٹنے کے بھی ہیں۔ شیطان تمہیں ورغلاتا ہے کہ اگر یہ کام کرو گے تو تم کھڑے ہونے کے بھی قابل نہیں رہو گے اور دنیاوی ترقی میں پیچھے رہ جاؤ گے۔ کبھی انسان کو عبادت سے غافل کرتا ہے تو کبھی مالی قربانی سے روکنے کے لئے فقر سے ڈراتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کے بندے شیطان کے بہکاوے میں نہیں آتے۔ حضور انور نے احمدیوں کی جانی اور مالی قربانیوں کا ذکر کر کے فرمایا کہ عبادالرحمٰن ایسے ہوتے ہیں جو خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر کسی بھی قسم کی قربانی پیش کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔

حضور انور نے فرمایا کہ شیطان ایک طرف تو فقر کا خوف دلا کر انسان کو بہکاتا ہے تو دوسری طرف فحشاء کی ترغیب دے کر ایک دنیادار کو دنیاوی لہو ولعب میں خرچ کرنے کے لئے ابھارتا ہے۔ اس عارضی لذت کی طرف ایسے خوبصورت انداز میں توجہ دلا رہا ہوتا ہے کہ انسان بھول جاتا ہے کہ وہ غلط کام کر رہا ہے۔ پس مومنوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ شیطان کے قدموں کی پیروی مت کرو کیونکہ وہ پوری کوشش میں ہے کہ تمہیں خدا تعالیٰ سے دور کر دے۔ خدا تعالیٰ کی طرف آؤ اور توبہ کرتے ہوئے اس کی طرف جھکو اللہ تعالیٰ تم سے بخشش کا وعدہ کرتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو ایمان لانے کے بعد توبہ کی طرف توجہ کرنے والے ہیں، اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنے اور نیک اعمال بجا لانے والے ہیں ان کے لئے فرشتے بھی دعا کرتے ہیں اور بخشش طلب کرتے ہیں گویا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کے نیک اعمال کا زیادہ سے زیادہ اجر دینے کے لئے اپنے فرشتوں کے نظام کو بھی متحرک کیا ہوا ہے۔ پس یہ ہے ہمارا رحمٰن اور غفور الرحیم خدا جو انسان کی بخشش کے سامان کرنے اور اسے نیکیوں پر قائم رکھنے کے لئے ہر ذریعہ استعمال کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے انسان پر اپنی بے پناہ رحمت کا اظہار کر کے ساتھ ہی انسان کو اس کے مقصد پیدائش کی طرف بھی توجہ دلا دی کہ تقویٰ اختیار کرو، میری عبادت کرو، میرے سے محبت سب رشتوں سے بڑھ کر کرو، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کے لئے مالی قربانیاں بھی کرو اور میری آیات پر ایمان لاؤ۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ رحمت خدا تعالیٰ کی عام اور وسیع ہے اور غضب یعنی صفت عدل قانون الٰہی سے تجاوز کرنے کے بعد اپنا حق پیدا کرتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے جو قانون قدرت رکھا ہے اس کے تحت حد سے زیادہ بڑھنے والوں کو سزا بھی دیتا ہے اس لئے گناہ گاروں کے بارے میں نہیں بلکہ تقویٰ اختیار کرنے، زکوٰۃ دینے اور خدا تعالیٰ کے نشانوں پر ایمان لانے والوں کے بارے میں فرمایا کہ ان پر میری رحمت واجب ہوگی۔ پس ایک مومن کا کام ہے کہ اس رحمت کے حصول کی کوشش کرتا رہے اور پھر اللہ تعالیٰ کی وسیع تر رحمتوں کی امید رکھے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

لغویات سے بچیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

''میں تنبیہ کرتا ہوں کہ ان لغویات اور فضولیات سے بچیں۔ پھر ڈانس ہے ناچ ہے،.......بعض دفعہ اس قسم کے بیہودہ قسم کے میوزک یا گانوں کے اوپر ناچ ہو رہے ہوتے ہیں اور شامل ہونے والے عزیز رشتہ دار اس میں شامل ہو جاتے ہیں تو اس کی کسی صورت میں بھی اجازت نہیں دی جاسکتی ......بعض لوگ اکثر مہمانوں کو رخصت کرنے کے بعد اپنے خاص مہمانوں کے ساتھ علیحدہ پروگرام بناتے ہیں اور پھر اسی طرح کی لغویات اور ہلڑ بازی چلتی رہتی ہے گھر میں علیحدہ ناچ ڈانس ہوتے ہیں چاہے لڑکیاں لڑکیاں ہی ڈانس کر رہی ہوں یا لڑکے لڑکے بھی کر رہے ہوں لیکن جن گانوں اور میوزک پہ ہو رہے ہوتے ہیں وہ ایسی لغو ہوتی ہیں کہ وہ برداشت نہیں کی جاسکتیں۔''

(خطبات مسرور جلد 3 صفحہ 687-688)

ہر احمدی کا فرض ہے کہ وہ ان لغویات کے قریب بھی نہ جائے۔

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

مجلس نصرت جہاں کے ڈاکٹرز کی توجہ کے لئے

مجلس نصرت جہاں کی طرف سے مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کی خدمت میں گزارش کی گئی تھی کہ ہمارے افریقہ میں قائم ہسپتالوں کے ڈاکٹر صاحبان اگر اپنے مریضان کی ECG رپورٹس برائے راہنمائی ومشورہ ڈاکٹر نوری صاحب کو بھجوائیں تو وہ اپنی قیمتی رائے اور علاج کے سلسلہ میں مشورہ عنایت کر کے ان کی مدد فرمائیں۔ مکرم ڈاکٹر نوری صاحب نے ہماری درخواست کے نتیجہ میں اس بات پر بخوشی آمادگی ظاہر کی ہے کہ وہ میدان عمل میں موجود ڈاکٹرز کی ہر طرح

(باقی صفحہ 8 پر)

مشعل راہ

ذکر الٰہی ہر وقت ہو سکتا ہے

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

سوتے جاگتے، چلتے پھرتے ہر حالت میں ذکر ہو جاتا ہے۔ کسی شخص نے ایک بزرگ سے پوچھا کہ اگر ہم عبادت ہی کرتے رہیں تو ہم کام کیسے کریں؟ انہوں نے فرمایا دست در کار و دل بایار۔ اپنے کاموں کو بھی کرتے جاؤ اور ذکر الٰہی بھی کرتے رہو۔ پیشے کرو۔ تجارتیں کرو۔ دوسرے دنیوی کاروبار کرو۔ مگر ساتھ ہی خدا تعالیٰ کو بھی یاد کرتے جاؤ۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں۔ آپ شاعر بھی تھے۔ آپ کے ایک شاگرد میاں غلام علی تھے جو آپ کے بہت مقرب مرید تھے۔ ایک دن آپ مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ کوئی شخص آیا اور آپ کے لیے بالائی کے لڈو تحفہ کے طور پر لایا۔ آپ کو بالائی کے لڈو بہت پسند تھے۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ نے ان میں سے دو لڈو اٹھا کر اپنے شاگرد میاں غلام علی کو دے دیئے اور کہا تمہیں بھی یہ پسند ہوں گے، بڑے مزیدار ہوتے ہیں۔ اس لیے یہ دو لڈو تم بھی لے لو۔ تھوڑی دیر کے بعد آپ نے پوچھا۔ میاں غلام علی تم نے وہ لڈو کیا کئے؟ میاں غلام علی نے کہا کہ حضور میں نے وہ کھا لیے۔ آپ نے فرمایا اتنی جلدی کھا لیے؟ میاں غلام علی نے کہا وہ چیز ہی کیا تھے۔ ایک ہی دفعہ منہ میں ڈالے اور گھل گئے۔ آپ نے حیرت سے پوچھا۔ اچھا وہ دونوں لڈو تم نے کھا لیے۔ معلوم ہوتا ہے تمہیں لڈو کھانے نہیں آتے۔ انہوں نے کہا آپ ہی بتا دیجئے کہ لڈو کس طرح کھائے جاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اچھا پھر کسی دن لڈو آئے تو میں تمہیں لڈو کھانے سکھاؤں گا۔ چوتھے پانچویں دن پھر کوئی اور مرید لڈو لے آیا اور میاں غلام علی نے حضرت مظہر جان جاناںؒ سے کہا کہ آپ نے وعدہ فرمایا تھا کہ تمہیں لڈو کھانے سکھاؤں گا اب لڈو کھانا سکھا دیجئے۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ اور حضرت ولی اللہ شاہؒ صاحب کو صفائی کا خاص طور پر بہت خیال رہتا تھا۔ حضرت ولی اللہ شاہ صاحبؒ تو ہر روز دھلوا کر نیا جوڑا پہنا کرتے تھے۔ جب دہلی کا بادشاہ آپ کا مرید ہوا تو وہ روزانہ آپ کو ایک نیا جوڑا سلوا کر بھیجا کرتا تھا۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ بھی بڑی نفیس طبیعت کے تھے۔ کسی چیز کو ٹیڑھی پڑی ہوئی دیکھ کر آپ غصہ میں آ جاتے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جس شخص نے اس کو ٹیڑھا رکھا ہے اس کا دل کیسے صاف ہوگا۔ ایک دفعہ آپ کے پاس ایک بادشاہ ملاقات کے لیے آیا۔ اس کے وزیر کو پیاس لگی اس نے آبخورہ اٹھایا اور پانی پی لیا۔ پانی پی کر اس نے آبخورہ الٹا رکھ دیا۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ کو یہ دیکھ کر سخت غصہ آیا اور انہوں نے بادشاہ سے فرمایا آپ نے کیسا بے وقوف وزیر رکھا ہوا ہے جسے آبخورہ بھی سیدھا رکھنا نہیں آتا۔ غرض آپ کو صفائی کا بہت خیال رہتا تھا۔ آپ نے جیب سے رومال نکالا اور بڑی احتیاط کے ساتھ اسے فرش پر بچھایا۔ پھر اس پر دو لڈو رکھے اور ایک لڈو سے چھوٹا سا ٹکڑا لیا۔ مونہہ میں ڈالا اور سبحان اللہ سبحان اللہ کہنے لگ گئے۔ پھر فرمایا میاں غلام علی کیا تم نے کبھی غور کیا کہ یہ لڈو کیسے بنا۔ مظہر کی حیثیت ہی کیا تھی۔ ذلیل پانی سے پیدا ہوا پھر لوتھڑا بنا، گوشت پوست بنا اور آخر ایک دن یہ فنا ہو جائے گا لیکن خدا تعالیٰ کو دیکھو عرش پر بیٹھا ہوا ہے۔ اس نے ہر چیز کو پیدا کیا۔ زمین کو بھی پیدا کیا، آسمان کو بھی پیدا کیا اور ان کے علاوہ دوسری چیزوں کو بھی اس نے پیدا کیا۔ ہر چیز اس کے قبضہ قدرت میں ہے۔ اگلے پچھلے علوم اسے حاصل ہیں، جو چاہے وہ کر سکتا ہے۔ اس نے خیال کیا کہ مظہر ایک دن پیدا ہوگا اور بالائی کے لڈو اسے اچھے لگیں گے۔ اس لیے ہم اس کے لئے بالائی کے لڈو تیار کروائیں۔ میاں غلام علی کیا تم نے کبھی سوچا کہ پھر اس نے کہاں سے میٹھا پیدا کیا۔ اس نے زمیندار کے دل میں خیال پیدا کیا اس نے گنا بویا پھر شکر بنی اور سینکڑوں آدمیوں کو اس نے اس کام میں لگا دیا۔ محض اس لیے کہ مظہر جان جاناںؒ ایک لڈو کھا لے۔ غرض اسی طرح ایک ایک کر کے تفصیلات بیان کیں اور پھر فرمایا بالائی کو دیکھو جانور نے کیا کیا کھایا۔ اس سے دودھ بنا، دودھ سے بالائی تیار ہوئی۔ پھر بالائی اور میٹھے سے حلوائی نے لڈو تیار کیے اور اس لیے کئے تا کہ مظہر جان جاناںؒ ایک لڈو کھا لے۔ آپ اسی رو میں بہے جا رہے تھے اور اللہ تعالیٰ کے احسانات کا ذکر کر رہے تھے۔

ذکر ہر وقت ہو سکتا ہے ایک روٹی پکانے والا روٹی پکاتا جائے اور ساتھ ساتھ سبحان اللہ سبحان اللہ بھی کہتا جائے تو اس کا کیا حرج ہے۔ پیڑا بنائے اور سبحان اللہ کہے، آٹا پھیلا کر کپڑے پر لگائے تو سبحان اللہ کہے۔ تنور میں لگائے تو سبحان اللہ کہے۔ سیخ کے ساتھ روٹی ہلائے تو سبحان اللہ کہے، روٹی کو نکالے تو سبحان اللہ کہے۔ اس طرح روٹی بھی پک جائے گی اور ذکر الٰہی بھی ہوتا رہے گا۔ بجائے باتیں کرنے کے اگر وہ اس کام میں لگ جائے تو اس کا کیا حرج ہے یا مثلاً چکی پیسنے والی عورت ہے وہ چکی بھی پیستی جائے اور ساتھ ساتھ جو ذکر بھی مناسب ہو کرتی جائے تو آٹا کم نہیں ہو جائے گا۔ یا یہ ذکر کرنے سے آٹا خراب نہیں ہو جائے گا۔ ڈاکٹر آپریشن کرتا جائے اور ساتھ ساتھ سبحان اللہ سبحان اللہ کرتا جائے اور غور کرے کہ خدا تعالیٰ نے انسانی جسم میں کیسا عظیم الشان نظام قائم کیا ہوا ہے۔ اسی طرح ہر پیشے والا تسبیح کو بھی جاری رکھ سکتا ہے اور اپنا کام بھی کر سکتا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد دہم ص 294)

سالانہ تقریب تقسیم انعامات 2008ء

(مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ)

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ نے مورخہ 21/اپریل 2009ء کو ایوان ناصر دفاتر مجلس انصاراللہ پاکستان میں محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان کی زیر صدارت سالانہ تقریب تقسیم انعامات سال 2008ء منعقد کرنے کی توفیق پائی۔

تلاوت، عہد اور نظم کے بعد مکرم محمد محمود طاہر صاحب قائد تربیت مجلس انصاراللہ پاکستان نے قیام نماز کی اہمیت کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد مکرم صدیق احمد منور صاحب منتظم عمومی مجلس انصاراللہ مقامی نے سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا۔ سال 2008ء میں خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کی اہمیت کے حوالہ سے مجلس انصاراللہ مقامی کو خلفاء راشدین اور خلفاء احمدیت کی سیرت و سوانح اور تحریکات کے بارے میں 9 سیمینارز منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ جن میں علماء کرام نے تقاریر کیں اور انصار ربوہ نے دلچسپی سے اور بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس کے علاوہ دیگر تربیتی و علمی پروگرام بھی تشکیل دیئے گئے۔ ہر ماہ محلّہ جات میں گھر گھر جا کر انفرادی تربیتی رابطہ پروگرام، ریفریشر کورس، مجالس عاملہ کی میٹنگز، کلاسز نو مبائعین اور 5 بنیادی اخلاق پر محلّہ جات میں پروگرام منعقد کئے جاتے رہے۔

امسال شعبہ صحت جسمانی نے دو ورزشی مقابلہ جات کا بھی انعقاد کیا۔ جن میں ان ڈور اور آؤٹ ڈور گیمز کے مقابلہ جات صف اول اور صف دوم کے الگ الگ معیاروں میں کروائے گئے۔ اس میں بھی انصار نے دلچسپی سے حصہ لیا۔ مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ کو 29,28 نومبر 2008ء کو سالانہ دو روزہ تربیتی پروگرام کرنے کی بھی توفیق ملی جس میں 25 سو سے زائد انصار نے شرکت کی۔ اس پروگرام کے دوران ورزشی مقابلہ جات بھی کروائے گئے۔ محلّہ جات کی سطح پر 75 وقار عمل ہوئے۔ دو وقار عمل مجلس انصاراللہ مقامی نے کروائے جن میں 450 سے زائد انصار نے شرکت کی۔ عید الفطر کے موقع پر 1 لاکھ 43 ہزار روپے کی مالیت کے 504 پیکٹس اور 753 پارچات تقسیم کئے گئے نیز 1186 مستحقین کی 3 لاکھ 78 ہزار 234 روپے کی نقد مدد بھی کی گئی۔ نیز رمضان المبارک کے دوران 2444 مسکینوں کے لئے سحری کا انتظام بھی کیا گیا۔

اس کے بعد محترم مہمان خصوصی نے اعزاز پانے والے محلّہ جات میں انعامات تقسیم کئے۔ اول آنے والے محلّہ دارالفتوح غربی کو رننگ ٹرافی مع سند و کتاب دی گئی۔ اس کے بعد درج ذیل محلّہ جات نے اگلی 9 پوزیشنز حاصل کیں۔ دوم: دارالصدر شرقی الف (کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ)۔ سوم: ناصر آباد غربی۔ چہارم: دارالصدر شمالی ھدیٰ۔ پنجم: دارالعلوم جنوبی احد۔ ششم: دارالفضل شرقی عزیز۔ ہفتم: دارالنصر شرقی محمود۔ ہشتم: طاہر آباد شرقی۔ نہم: دارالعلوم جنوبی بشیر۔ دہم: نصرت آباد

تقسیم انعامات کے بعد مکرم نصیر احمد چوہدری صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور ملکی حالات کے پیش نظر بکثرت دعائیں کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ آخر میں صدر مجلس نے اختتامی کلمات میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی پاکستان کے لئے دعاؤں کی تحریک کے متعلق تلقین کرتے ہوئے فرمایا کہ خلیفہ وقت کو بصیرت خدا تعالیٰ سے عطا ہوتی ہے اس لئے احباب نمازوں، احکامات الٰہیہ پر عمل کرتے ہوئے دعاؤں کی طرف خاص توجہ دیں۔ اس کے بعد آپ نے اختتامی دعا کروائی۔ دعا کے بعد نماز مغرب و عشاء جمع کر کے ادا کی گئیں۔ جس کے بعد سب حاضرین کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔ اس تقریب میں 300 سے زائد انصار نے شرکت کی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجلس انصاراللہ مقامی کو بہتر رنگ میں دینی خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سجدہ گاہ تر ہو جاتی

محترم چوہدری بشیر احمد صاحب وڑائچ رجوعہ ضلع گجرات کا احمدیت سے پہلے کا واقعہ ہے۔ آپ کی عمر جب 27 سال ہوئی تو اس وقت آپ کو بہت سخت بخار ہو گیا اور بچنے کی کوئی امید نہیں تھی۔ بخار کی ہی حالت میں آپ کو خیال آیا کہ اگر میں مر گیا تو اللہ کو کیا جواب دوں گا۔ نیک اعمال میرے پاس نہیں ہیں۔ نماز میں نہیں پڑھتا۔ چنانچہ اس خیال نے آپ کی کایا پلٹ دی۔ آپ نے تہیہ کر لیا کہ اب نہ میں نماز چھوڑوں گا اور نہ ہی نماز تہجد میں ناغہ کروں گا۔ چنانچہ آپ نے اپنے عہد کو آخری دم تک نبھایا۔ جس دن آپ کی وفات ہوئی ہے اس دن بھی آپ نے نماز تہجد ادا کی تھی۔ احمدیت میں آ کر اس لطف میں اور بھی اضافہ ہوا۔ جب آپ نماز پڑھتے یا نماز تہجد ادا کرتے تو آپ کی سجدہ گاہ آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔ آپ کا روزانہ کا معمول تھا کہ نماز تہجد کے بعد نماز فجر کے لئے تمام جماعت کو جگاتے اور گھر گھر جا کر دستک دیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیت الذکر میں کافی رونق ہو جایا کرتی تھی۔

(الفضل 9 مارچ 2001ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد اعظم فاروقی صاحب معلم وقف جدید

میرے والد محترم، میاں نذر محمد صاحب درویش قادیان

حضرت اقدس مسیح موعود کے رفیق حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی نے اپنی کتاب ''حیات قدسی'' حصہ چہارم کے صفحہ نمبر 24 پر لکھا ہے سیدنا حضرت مصلح موعود کی خلافت کے ابتدائی دنوں میں خاکسار نے کشف میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعود کے پاس کتاب مواہب الرحمان ہے، جس میں جماعت کے بعض افراد کے نام درج ہیں۔ ایک جگہ پر میں نے اپنا نام بھی لکھا ہوا دیکھا۔ وہاں پر میرا نام اس طرح ہے ''مولوی غلام رسول حافظ آبادی''۔ مجھے اپنے نام کے ساتھ حافظ آبادی پڑھ کر تعجب ہوا کیونکہ میرے گاؤں کا نام تو راجیکے ہے نہ کہ حافظ آباد۔

حافظ آبادی کی تعبیر بعد میں یہ کھلی کہ سیدنا حضرت مصلح موعود کے دور خلافت میں جب بھی کسی جماعت میں اصلاحی اور تربیتی ضرورت پیش آتی تو اس خاکسار کو عموماً اس جماعت میں بھجوایا جاتا۔ اس طرح خدا تعالیٰ نے جماعت کی تربیتی خدمت کا لمبے عرصہ تک موقع عطا فرمایا۔

یہ امر باعث صد افتخار ہے کہ علاقہ حافظ آباد کو یہ شرف اور اعزاز حاصل ہے کہ اس علاقہ کی زمین نے متعدد بار حضرت مسیح موعود کے کئی جلیل القدر رفقاء کے قدم چومے ہیں۔ جن میں ایک نام حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کا ہے۔ اسی طرح پریم کوٹ، اونچا مانگٹ، پیر کوٹ ثانی، بھڑی شاہ رحمان، موضع کولو تارڑ، موضع ٹھٹھہ کھر لاں کے کئی دیگر رفقاء بھی ہیں۔ جن کی روشنی سے یہ علاقہ منور ہوا ہے اور انشاء اللہ قیامت تک منور ہوتا رہے گا۔

میرے والد محترم کی عمر 17 سال تھی اور یہ 1948ء کا سال تھا۔ اسی دوران ہمارے گاؤں پریم کوٹ حافظ آباد میں حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی تشریف لائے۔ تمام احباب جماعت کو بیت الذکر میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا کہ احمدی جوان مرکز سلسلہ قادیان کی حفاظت کے لئے اپنے آپ کو بطور ''درویش'' وقف کریں۔ جب یہ آواز میری دادی جان محترمہ فاطمہ بی بی صاحبہ کے کانوں میں پڑی تو فوراً اپنے بیٹے کو ساتھ لیا اور اس کا ہاتھ حضرت مولانا صاحب کے ہاتھ میں تھما دیا اور عرض کی کہ ''مولوی صاحب آپ اس کو فوراً قادیان پہنچائیں، اب میں اسے گھر لے کر نہیں جاؤں گی''، حضرت مولوی صاحب نے موصوف کو ساتھ لیا اور جودھامل بلڈنگ لاہور تشریف لے گئے۔ چار دن ضروری ہدایات اور ٹریننگ کے بعد جوانوں کو سلیکٹ کیا جانا تھا۔ محترم والد صاحب بتایا کرتے تھے کہ جن جوانوں کو حفاظت مرکز کی غرض سے قادیان پہنچانا مقصود تھا میں ان میں سب سے چھوٹی عمر کا تھا اور مجھے یہ بھی خدشہ تھا کہ مجھے بوجہ کم سنی مسترد نہ کر دیا جائے چنانچہ میں نے اپنی برائے نام ہلکی سی مونچھوں پر سرسوں کا تھوڑا سا تیل لگا کر اوپر سرمہ لگا لیا تا کہ میری مونچھیں بڑی اور نمایاں معلوم ہوں۔ پھر میں سینہ تان کر اور پاؤں کی انگلیوں پر وزن ڈال کر جوانوں کی اس قطار میں کھڑا ہو گیا جن کو منتخب کیا جانا تھا، چنانچہ مجھے جب منتظمین نے دیکھا تو دوسرے جوانوں کی طرح پایا اس طرح مجھے بھی فٹ اور سلیکٹ کر لیا گیا۔

محترم والد صاحب یہ واقعہ بڑے مزے لے لے کر سنایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے میری قادیان پہنچنے کی تمنا کو حیرت انگیز طریقہ سے پورا کر دیا۔ محترم والد صاحب نے اپنے درویشی دور کا ایک واقعہ اس طرح سنایا تھا کہ ایک دفعہ میں سیر کرتے کرتے احمدیہ محلّہ قادیان سے کچھ باہر نکل گیا، پھر میں نے دیکھا کہ چار سکھ بلوائی ہاتھوں میں تلواریں لئے میری طرف آ رہے ہیں، میں نے ذرا ہوشیاری سے کام لیتے ہوئے اپنی سوٹی کو چادر میں لپیٹ کر اس طرح گلے میں لٹکا لیا کہ وہ سوٹی چادر میں لپٹی ہوئی بندوق معلوم ہو۔ بلوائی جب کچھ فاصلہ پر نزدیک آ گئے تو کہنے لگے اس بکرے کو ذبح کر لیتے ہیں۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ تمہیں معلوم نہیں یہ چوہدری ظفر اللہ خان کا آدمی ہے، اس کا تعلق احمدیہ جماعت سے ہے، اگر اس ایک بکرے کو ذبح کرو گے تو تمہیں کئی بکرے ذبح کروانے پڑیں گے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے بلوائیوں کو مرعوب کر دیا اور مجھے ان پُرفتن حالات میں دشمن سے بچا لیا۔ پھر میں دعائیں کرتا ہوا اور تیز تیز چلتا ہوا، احمدیہ محلّہ میں داخل ہو گیا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

محترم والد صاحب بتایا کرتے تھے کہ 1956ء میں انہیں والدہ صاحبہ یعنی خاکسار کی دادی جان ملنے قادیان گئیں۔ دادی جان نے کچھ عرصہ سے اپنے گھر کا دیسی گھی اکٹھا کر رکھا تھا۔ اسے بیچ کر کرایہ کا انتظام کیا اور قادیان کے لئے روانہ ہوئیں۔ جب لاہور سٹیشن پر پہنچیں تو ایک ذی ثروت احمدی شخص جن کو قادیان جانے کا پرمٹ نہیں مل رہا تھا نے کہا کہ ''مائی جتنے چاہو پیسے لے لو اور یہ پرمٹ مجھے دے دو''۔ دادی جان نے کہا کہ ''یہ پیسے تم اپنے پاس سنبھال کر رکھو میں تو اپنے مرکز قادیان اور اپنے درویش بیٹے کو دیکھنے کے لئے سڑ رہی ہوں''۔ جب یہ واقعہ کسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تک پہنچ گیا تو پیارے آقا بہت خوش ہوئے اور دادی جان کے لئے دس روپے ماہانہ وظیفہ مقرر کر دیا۔ یہ وظیفہ جب تک دادی جان زندہ رہی ہیں مسلسل ملتا رہا ہے۔

اے فضلِ عمر تیرے اوصاف کریمانہ
یاد آ کے بناتے ہیں ہر روح کو دیوانہ

محترم والد صاحب یہ بھی بتایا کرتے تھے کہ درویشی دور قادیان میں حضرت مسیح موعود کے کئی رفقاء کی صحبت اور تربیت میں رہنے کا شرف بھی حاصل رہا تھا۔ جن رفقاء سے فیض کی زیادہ سعادت ملی تھی ان میں حضرت بھائی جی عبدالرحمان صاحب قادیانی اور حضرت مولانا عبدالرحمٰن جٹ صاحب نمایاں تھے۔ موصوف بتایا کرتے تھے کہ ''میں نے قاعدہ یسرنا القرآن اور قرآن کریم اور اختلافی مسائل حضرت بھائی جی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی سے سیکھے تھے''۔ محترم والد صاحب بتایا کرتے تھے کہ حضرت مسیح موعود کے رفقاء جب حضرت مسیح موعود سے جدائی کے تذکرے کرتے تو حضرت مسیح موعود کی یاد میں چھم چھم رویا کرتے تھے۔

محترم والد صاحب 1948ء تا 1958ء دس سال قادیان میں رہے پھر بعض گھریلو نامساعد حالات کی وجہ سے اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی اجازت سے پاکستان مراجعت فرما ہوئے۔

اب خاکسار والد صاحب کے واپس آ جانے کے بعد زندگی کے چند حالات و واقعات پیش کرتا ہے۔ آپ بتایا کرتے تھے کہ مجھے 1964ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ایک رقعہ کی برکت سے واپڈا میں ملازمت ملی تھی۔ آپ نہایت مخلص، احمدیت کے عاشق اور فدائی تھے۔ نمازوں، تہجد، چندوں اور جماعتی کاموں میں پیش پیش رہتے تھے۔ خلفائے سلسلہ کے خطبات اور تقاریر باقاعدگی سے سنا کرتے تھے۔ خصوصاً حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے پُردرد خطبات کے دوران جب حضور کی آواز بیٹھ جاتی تو آپ آبدیدہ ہو جاتے۔ جب ربوہ مرکز میں جلسہ سالانہ منعقد ہوا کرتا تھا تو آپ جلسہ سالانہ میں بطور الیکٹریشن ڈیوٹی لگوایا کرتے تھے۔ یہ 1976ء تا 1981ء کے میرے شعور کے وہ سال ہیں جب ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نائب افسر جلسہ سالانہ تھے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب جلسہ سالانہ کے دنوں میں ہماری فیملی کو دفتر افسر جلسہ سالانہ کے احاطہ میں خیمہ ملا کرتا تھا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جلسہ کے دنوں میں اور شدید سردی کے موسم میں پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ہمیں گڑ اور مونگ پھلی عطا فرمایا کرتے تھے، پھر کئی دفعہ ایسا بھی ہوا تھا کہ جلسہ ختم ہونے کے بعد جب والد صاحب فیملی کو لے کر واپس گھر جانے لگتے اور حضور سے رخصت اور آخری سلام کے لئے ملتے تو حضور ازراہ شفقت اپنی جیب سے کرایہ عطا فرما دیا کرتے تھے۔

محترم والد صاحب جب کرایہ لینے سے انکار کرتے تو حضور اصرار فرماتے اور کرایہ والد صاحب کی جیب میں خود ڈال دیتے، پھر والد صاحب خاموش ہو جاتے تھے۔ آپ زبردست داعی الی اللہ بھی تھے۔ آپ کی بطور ون گریڈ لائن مین واپڈا گوجرانوالہ شہر، قلعہ دیدار سنگھ، نوکھر، چک چٹھہ، وزیر آباد اور حافظ آباد شہر میں ڈیوٹی رہی۔ خدمت خلق کا جذبہ آپ میں بہت نمایاں تھا۔ اہل محلّہ میں سے اگر کوئی آدھی رات کو بھی آ کر کہتا کہ میاں جی ہماری لائٹ خراب ہے اور ہم اندھیرے میں بیٹھے ہوئے ہیں، تو آپ کبھی بھی انکار نہ کرتے فوراً ساتھ چل پڑتے اور کسی لالچ اور مطالبہ کے بغیر لائٹ ٹھیک کر کے واپس آتے۔ آپ کے افسران آپ کے کام سے مطمئن اور خوش رہتے تھے۔ آپ نے اپنے محکمہ کے متعدد غیر احمدی افسران اور کئی دیگر غیر احمدی فیمیلیز کے اٹھرا اور بانجھ پن کے ربوہ سے علاج کروائے تھے۔ اس طرح آپ زیارت مرکز کے بھی مواقع حاصل کر لیتے تھے، آپ اپنی گفتگو میں دعوت الی اللہ کے پہلو نکال لیا کرتے تھے۔ آپ اپنے محکمہ میں احمدی مشہور تھے اور اپنے افسروں کو بھی دعوت الی اللہ کیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپ حافظ آباد گوجرانوالہ روڈ پر محکمہ کی ٹیم S.D.O اور ایکسین واپڈا کی نگرانی میں بجلی کے پول پر کام کر رہے تھے کہ عملہ کے کسی ملازم نے لائن چالو کر دی جس کے نتیجہ میں پول میں کرنٹ آ گیا۔ محترم والد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے بچا لیا۔ ہوا یوں کہ آپ ایک فروٹ کی ریڑھی پر گر گئے، آپ کا دوسرا ساتھی بری طرف زخمی ہوا اور چند دنوں کے بعد فوت ہو گیا تھا۔ آپ کو جب لوگ اٹھانے کے لئے دوڑے تو آپ زخمی حالت میں خود اٹھے، ہسپتال جانے کے لئے خود گاڑی میں بیٹھے، ہسپتال پہنچنے پر خود چل کر اپنے بستر پر لیٹے۔ تیمارداری کے لئے آنے والے افسروں نے پوچھا کہ ''بابا سناؤ کیسے ہو''؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے احمدیت کی وجہ سے بچا لیا ہے۔ ایک افسر کہنے لگا ''دیکھو بابا اس حالت میں بھی ہمیں دعوت الی اللہ کرتا ہے۔''

محترم والد صاحب کو حضرت مسیح اور خلفائے سلسلہ کی کتب پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ روزانہ باقاعدگی سے مطالعہ کیا کرتے تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد تو موصوف نے اپنے آپ کو کلیۃً جماعتی سرگرمیوں اور مطالعہ کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ انصار اللہ کے امتحانی پرچہ جات میں ہمیشہ گریڈ اول پوزیشن حاصل کرتے، ہر سال انصار اللہ پاکستان کی علمی ریلی میں شمولیت کرتے تھے۔

اب آخر پر میں والد صاحب کی زندگی کے آخری ایام کے بارہ میں کچھ ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ وفات سے چند دن پہلے آپ نے اپنے بڑے پوتے کو اپنے پاس بٹھا کر بعض نصائح کیں، بتایا کہ جب انسان فوت ہو جاتا ہے تو اس کی آنکھیں فوراً بند کر دینی چاہئیں اس کا منہ بند کرنا چاہئے اس کے ہاتھ اور پاؤں سیدھے کرنے چاہئیں۔ یہ باتیں سن کر پوتا ڈر گیا اور کہا کہ دادا جان آپ ایسی ڈرانے والی باتیں نہ کریں ورنہ میں آپ کے پاس نہیں بیٹھوں گا، لگتا ہے کہ والد صاحب کو اپنی وفات کے کچھ اشارے ہو چکے تھے شاید یہی وجہ ہے کہ وفات سے پہلے بلند آواز سے کلمہ توحید اور

باقی صفحہ 6 پر

نبیلہ رفیق

الحمراء سے جبل الطارق تک

برس ہا برس سے دل میں ایک منصوبہ بنتا رہتا، سپین جانا ہے،، سپین جانا چاہیئے، بیت بشارت دیکھنی چاہیئے۔ مگر نجانے کیوں ناروے میں رہتے ہوئے بھی وقت گزرتا رہا اور موقع نہ ملا۔ مگر ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہوتا ہے، جب اللہ کی مرضی ہونا تھی جب ہی پروگرام بننا تھا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے 8 نومبر 2008ء کو چند ساتھیوں کے ساتھ ہمارا بھی انتظام کر دیا۔ یوں 8 نومبر کو ہم ملاغا کے ہوائی اڈے پر اترے۔

ہم نے ملاغا سے غرناطہ تک کے رستے میں جو نظارے دیکھے ان کی نظیر صرف سپین کے دوسرے علاقوں میں ہی مل سکتی ہے۔ سارا یورپ پھر لیں دوسری دنیا پھر لیں، پوٹھہاری قسم کی زمین میں ایک ترتیب سے لگے ہوئے زیتون کے پودے اور زمین کی سطح سے لے کر باغ کی اوپر والی چوٹی تک پتلی بل کھاتی پختہ پگڈنڈیاں۔ ایسی کاشت کاری کا نظام میرے خیال میں دنیا کے کسی بھی ملک میں نہیں ہو گا۔ کھیتوں، مرغزاروں، میدانوں، صحراؤں، دریاؤں نہروں، جھرنوں، آبشاروں، برفانی چوٹیوں اور گلیشیئر کے حسن سے بھرے ہوئے علاقوں کی سیر کرنا، دیکھنا اور تعریف کرنا اور بات ہے۔ مگر سپین کے زیتون کے باغات اور باغات لگانے کا ایسا اصول دنیا کے کسی بھی خطے میں نہیں ہوگا۔

کیونکہ قدرت کی عطا شدہ زمین اور فضا کے ساتھ ساتھ عرب مسلمانوں نے اپنا ذہن جس طریق پر اس پوٹھہاری زمین سے کالے اور سبز زیتون کے روپ میں سونا نکالنے میں لگایا ہے، اسکی مثال نہیں۔ بار بار سورۃ التین میں اللہ تعالیٰ کی کھائی ہوئی قسم یاد کرتے رہے۔

غرناطہ

عربوں کے فتح کردہ اور جدید تعمیر کردہ اندلس کا شہر غرناطہ جس کے لئے ایک دفعہ ایک سپینش شاعر Manuel Machado کو چار لفظوں میں بیان کرنے کو کہا گیا تو اس نے اسے ان چار الفاظ میں بیان کیا،، ---- secret water which cries---- اس چلاتے ہوئے پوشیدہ پانی کے جھرنوں کے ساتھ ساتھ ایک اور راز بھی غرناطہ میں موجود ہے اور وہ ہے۔ الحمراء جسے میرے خیال میں بنانے والے بنا کر اور بنوانے والے بنوا کر اتنا خوش نہیں ہوئے ہوں گے جتنا اسے اس کے مالکوں اور وارثوں سے چھیننے والے خوش ہونے کے ساتھ ساتھ حیران بھی ہوئے ہونگے کہ، ایسی نفیس اور اعلیٰ ذوق اور سوچ رکھنے والے ایسی مہارت اور فن دکھانے والے فنِ تعمیر کی اس بلندی پر پہنچنے والے کیسے ہمارے داؤ فریب میں آ گئے کیوں اس قلعے کی طرح مضبوط بن کر ہمارے رستے میں کھڑے نہ ہو گئے۔ یقیناً ان کی سوچیں ان کے ارادے ان کے عزم اس قلعے کی طرح ہی مضبوط ہونا چاہیئے تھے۔ مگر پھر سب کچھ بھربھری مٹی کیسے بن گئے؟

الحمراء

ٹکٹیں خرید کر قطار اندر قطار جاتے ہوئے ایک جم غفیر کے ساتھ ساتھ طویل دورویہ دیوار کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے اس حصے تک آ گئے جہاں اس عظیم عمارت کے مختلف محل ایستادہ تھے۔ پچھلی طرف دریا اور سامنے پہاڑی سلسلہ۔ ہمیں ڈیڑھ بجے والے گروپ کے ساتھ اصل محل کو دیکھنے اندر جانا تھا۔ بہرحال چلتے چلتے۔ اس طلسماتی ماورائی محل میں آ گئے، جسے دیکھ کر سب سے پہلا احساس یہ ہوا کہ واقعی، اللہ کے سوا کوئی غالب نہیں کوئی عظمت کے لائق نہیں۔ جس کو چاہے عزت دے جس کو چاہے ذلت دے! دوسرا احساس جو اندھیرا بن کر حواس پر چھایا کہ یہ چیز ہماری ہے! مگر ہماری نہیں فوراً دل کو سنبھال لیا، نہیں نہیں، یہ ہمارے بڑے بزرگوں نے بنایا ہوا ہے، ”پدرم سلطان بود“ کا اصل فلسفہ آج اپنے اوپر پورا ہوتے دیکھا۔ اس عجیب و غریب فنِ تعمیر کی تفصیل الفاظ میں بیان کرنا انتہائی مشکل ہے۔ الحمراء کیا ہے، اندلس میں عرب مسلمانوں کی شان و شوکت عظمت، فنِ تعمیر، کی شاہانہ سوچ کا منہ بولتا ثبوت عرب مسلمان بادشاہوں نے تو جو سوچا ہوگا سوچا ہوگا آخر وہ انجینئر ماہر تعمیرات، وہ مزدور جنہوں نے اپنی انگلیوں سے اس کی چھتوں اور در و دیوار کو شب و روز کی محنتِ شاقہ سے بنایا ہوگا۔ وہ کس قسم کے لوگ ہوں گے، اگر اس وقت کوئی کھڑا ہو کر اس کی چھتوں پر سجنے والے نقش و نگار کی گلُ شماری کرنے لگے تو اسے کئی قسم کے جاپانی کیمروں کی ضرورت پڑے۔ جو ایک ایک ٹکڑے کی برابر تراش خراش پیمائش اور ہم آہنگی کو نظر کے دائرے میں سمونے کی مدد کر سکیں۔ لیکن وہ کون تھے جنہوں نے ان چھتوں ان دیواروں کی ایک ایک انچ کو اپنی انگلیوں کی مشینوں سے سجایا تھا۔ پہاڑ کے اوپر انسانی ہاتھوں کا ایسا کمال جو صدیوں سے ہزار آفات پڑنے کے باوجود بھی اپنی آب و تاب برقرار رکھے ہوئے ہے گو کہ متعصب حملہ آور نے قبضہ کرتے ہی، اس کے حسن کو روندنے میں کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھی تھی۔ گو کہ حملہ آوروں نے جتنا اجاڑ سکتے تھے اتنا تو اجاڑا۔ مگر شائد اللہ تعالیٰ نے آئندہ آنے والی نسلوں کو عرب مسلمانوں کی عظمت کی بازگشت دکھانا تھی۔ اس لئے یہ منصوبہ خاک میں مل گیا۔ لا غالب الا اللہ!

ایک ایک چیز کو خاموشی، خوشی اور اذیت کے ملے جلے جذبات کے ساتھ دیکھا۔ جگہ جگہ رُک کر تصاویر لیں تصاویر بنوائیں۔ محل کے پیچھے پہاڑی سلسلہ دیکھ کر آخری مفتوح بادشاہ عبداللہ کی حسرت بھری آنکھوں سے گرتے آنسو اور اس کی والدہ کے تاریخی الفاظ کہ جس کی تم مردوں کی طرح حفاظت نہیں کر سکے اب اس پر عورتوں کی طرح رو کیوں رہے ہو، یاد کئے۔ چشمِ تصور میں فرڈی نینڈ اور ازابیلا کو محل کی چابیاں ہاتھوں میں لیتے اور خوشی سے صلیب کے نشان بناتے ہوئے دیکھا، پھر ان مغرور حملہ آوروں کا مسلمانوں سے حسنِ سلوک کرنے کے، ٹوٹتے ہوئے معاہدے اور ان کی تلواریں معصوم مسلمانوں کے خون سے نہاتے ہوئے نظر آتی رہیں۔

الحمرا محل کا پورا علاقہ بذاتِ خود ایک پورا شہر ہے وسیع و عریض رقبے پر شہر کی چوٹی پر بنا ہوا یہ عربوں کے وقار اور عظمت کی علامت لمبی لمبی سڑکوں راہداریوں حسین و دلفریب گلشن اور باغات سرخ پتھروں کی چوبی دیواریں کبھی نہ بند ہونے والے فوارے جن کی تفصیل بیان کرنا آسان نہیں۔ جگہ جگہ ابتدائی زمانہ میں رکھے گئے نام بھی دیکھنے کو ملے، یعنی سلطانہ باغ ایک انتہائی دلکش باغ ہے جس کو الفاظ میں بیان کرنا بہت مشکل ہے۔ سرو کے درختوں کو خوبصورت انداز سے تراش کر گزرگاہیں اور دروازے بنائے گئے ہیں۔ فواروں کا جلترنگ عجیب بہار دے رہا تھا۔

محل کے کمروں کے بیچوں بیچ ایک ایسا کمرہ آیا جو چوکور تھا، ہم نے دیکھا کہ چاروں کونوں میں کان لگا کر کوئی نہ کوئی ہمارے جیسا کھڑا ہے، غور کرنے پر معلوم ہوا کہ اگر ایک کونے کی دیوار میں منہ لگا کر سرگوشی کرو تو دوسرے کونے میں کھڑے شخص کے کان میں آواز آتی ہے۔ ہم نے بھی جھٹ اپنے کان ایک کونے میں لگا دئے۔ کوئی نظیر نہیں تھی، بحیرہ روم کے پرے سے آنے والے عرب مسلمانوں کی، پھر کیا دیکھتے ہیں کہ ان چاروں کونوں میں عربی رسم الخط میں مختلف اسلامی نام لکھے ہوئے ہیں۔ کیونکہ ان دیواروں پر ہماری زبان میں کچی مٹی جیسی مٹی لپائی ہوئی تھی۔ اس لئے تحریر بڑی آسانی سے لکھی جا رہی تھی۔ ہم کیوں پیچھے رہتے جھٹ اردو میں ”محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں“ کی چھپائی کر دی۔

بیت بشارت

پانچ بجے کے قریب ہم مسلمانوں کی کھوئی ہوئی عظمت کا سرسری سا دیدار کر کے باہر نکل آئے۔ باہر نکل کر سڑک کی دوسری طرف دُکانوں سے سوینئر خریدے۔ اب یہاں سے پیدروآباد جانے کا مرحلہ تھا ہمارے پاس تو کوئی نقشہ نہیں تھا۔ وہاں جانے کے لئے ہم نے مربی صاحب سے رابطہ کیا اور بہت جلد ہم نے قرطبہ کی طرف جانے والی موٹروے پکڑ لی۔

کچھ دیر میں اندھیرا چھا گیا۔ اجنبی ملک اجنبی رستے، گاڑی کی رفتار ذرا ہلکی رکھی مگر کہیں بھی کوئی مشکل نہ پڑی، جیسے مربی صاحب نے فرمایا تھا کہ پیدروآباد آ کر فلاں پٹرول پمپ سے کسی سے بیت بشارت کا پوچھ لینا۔ جب ہم پیدروآباد میں داخل ہوئے گہری رات تھی چھوٹا سا گاؤں ہونے کی وجہ سے کوئی خاص روشنی بھی نہ تھی۔ بالکل اس سڑک پر پہنچ کر سامنے سے ایک خاتون آتی نظر آئی اس سے پوچھنے کے لئے، moskita bisharat، ابھی لفظ منہ سے نکالا تو اس نے فوراً ہاتھ سے اشارہ کر دیا کہ سیدھا اور پھر دائیں۔ تقریباً ساٹھ ستر میٹر سیدھا اور دائیں کو ہو گئے۔ چند میٹر کے بعد ایک دم احساس ہوا کہ یہ تو سامنے ہے بیت کے مینار نظر آ رہے ہیں، اندھیرا گہرا ہونے کی وجہ سے اور فاصلے کا تعین نہ ہونے کی وجہ سے یہ احساس نہیں تھا کہ ایک دم بیت ہمارے سامنے ہوگی۔ ہم نے گاڑی آگے بڑھائی اور بیت کی سڑک سے گزر کر گیٹ کے اندر پہنچ گئے۔ جتنی خوشی ہمیں بیت کے اندر پہنچ کر ہوئی اس کا بیان مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ کے شکر اور احسان سے آنکھیں بھری جا رہی تھیں۔ خاکسارہ کے لئے یہ لمحات ایک اور لحاظ سے بھی جذباتی تھے، وہ اس طرح کہ خاکسارہ کے والد صاحب (کیپٹن ڈاکٹر بشیر احمد ربوہ) بیت کے سنگِ بنیاد کے وقت سپین میں اس تقریب میں شامل ہونے آئے تھے، 1984ء میں جب خاکسارہ اپنی والدہ کے ساتھ لنڈن پہلے جلسے میں شرکت کے لئے آئی تو والد صاحب نے ہمیں بہت تاکید کی کہ سپین ضرور جانا ہے اس کے بعد بھی والد صاحب بار بار مجھے سپین جانے کے لئے کہتے رہے۔ کیونکہ وہ خود زمیندار تھے اس لئے ان کو یہاں کا کاشتکاری نظام سب سے زیادہ بھایا تھا، واپس جا کر انہوں نے ایک سفرنامہ لکھا تھا، جو الفضل ربوہ نے دو اقساط میں چھاپا تھا، اور قارئین نے اسے بہت پسند کیا تھا۔ گو کہ بیت بنے کئی برس گزر چکے ہیں۔ بیت کے سنگِ بنیاد اور تعمیر کی تکمیل کے بعد افتتاح کی ساری خوشیاں بھی جماعت کے ساتھ منا چکے ہیں۔

مگر اس بیت میں پہلی دفعہ آنا اپنی ذات میں ہمارے لئے ایک جشن کی خوشی سے کم نہیں تھا۔ ہم نے بیت میں جا کر دو نفل ادا کئے۔ خادم بیت نے بہت مزے کا کھانا کھلایا۔ مربی صاحبان اور ان کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی کچھ دیر گفتگو کا موقعہ ملا، ان سے پیدروآباد کا جغرافیہ، سپین کی تجنید، سپین میں مربیان کی تعداد، نومبائعین، دعوت الی

اللہ کے مواقع وغیرہ کی چھوٹی چھوٹی باتوں کی معلومات لینا ہمیں بہت اچھا لگا۔ ان کے ذہین اور لائق بچوں سے مل کر طبیعت بہت خوش ہوئی۔ صبح کیونکہ ہم نے قرطبہ کی جامع مسجد دیکھنے جانا تھا، لہٰذا ہم نے مربی صاحب سے درخواست کی انہوں نے کاغذ پر نقشہ بنا دیا۔ ویسے تو ساری دنیا کی ہر جماعت کی بنی ہوئی بیت میں جانا ہمیں اچھا لگتا مگر سپین کی بیت کی بات ہی اور تھی اس لئے ہمارے جذبات کچھ اور تھے۔ فجر کی نماز جماعت کے ساتھ لجنہ کے ہال میں ہی پڑھی۔ ناشتے کے بعد بیت کے صحن میں نکل کر چاروں طرف سے بیت کے حسن اور خدا کے فضلوں کا نظارہ کیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے سنگِ بنیاد اور افتتاح کے نظارے آنکھوں کے سامنے آتے رہے اور ان کے خوشی اور تشکر سے بھرے خطبات کانوں میں گونجتے رہے۔ مکرم و محترم کرم الٰہی ظفر مرحوم صاحب کو یاد کیا۔ ان کے لئے دل سے بے اختیار دُعائیں نکلیں۔ جن کی قربانیوں اور محنتوں کی وجہ سے آج ہم اس بیت میں کھڑے تھے۔ بیت کے صحن میں مالٹے لیموں اور سنگترے لگے ہوئے تھے۔ صبح صبح کا منظر بہت ہی بھلا لگ رہا تھا۔ بیت قدرے اوپر ٹیلے پر ہے۔ نیچے سے موٹروے گزرتی ہے۔ سارا نظارہ کرنا بہت ہی اچھا لگا۔

قرطبہ

وہاں سے ہم قرطبہ کے لئے نکلے، صرف بیس پچیس منٹ کے اندر اندر ہم قرطبہ شہر کے اندر دریا کے کنارے پر تھے۔ دریا کے پار سرخی مائل اینٹوں کی بنی عمارت نظر آرہی تھی، مینار وں سے اندازہ ہوگیا کہ یہی وہ مسجد ہے۔ جس کی عظمت کی دھوم ہم بچپن سے سنتے آئے ہیں۔ ہمارا سفینہ دریا کے دوسری طرف آکر کھڑا ہوا تھا۔ ہم نے سڑک کے کنارے پارکنگ ڈھونڈی گاڑی کھڑی کی اور وہاں سے پاؤں پاؤں چلتے پل کے اوپر پہنچ گئے معلوم ہوا کہ پہلے ٹکٹیں خریدنا ہیں ہم ٹکٹیں لے کر اندر داخل ہوگئے۔

ہم تو جامعہ قرطبہ دیکھنے گئے تھے، مگر شروع میں ہی دائیں طرف ایک شوروم کی طرح جگہ جگہ رکھے سنہری بت رکھے نظر آگئے، جن میں عیسائیت اور تثلیث کے تمام عقیدے تصویری اور مجسماتی انداز میں سجائے ہوئے تھے، مسلسل مزید بتوں کو سجانے کا کام بھی ساتھ ساتھ جاری تھا۔ غالبًا یہاں مسجد کی محرابیں ہوں گی، جہاں قرآنی آیات، اسمائے الٰہی لکھے ہونگے۔ ایک تکلیف دہ احساس ہوا کہ ہم کہاں آگئے ہیں، ایک طرف مسجد کی محرابیں، ستون اونچی مضبوط چھتیں، ایک طرف عیسائیوں کے بت، ہم تیزی سے چلتے ہوئے آگے نکل گئے، اسی طرف آگے جاکر چند میٹر کا ایک نمونہ جامع مسجد کی عظمت کا بچا کر رکھ دیا گیا تھا۔ اس کے گرد سلاخوں کا پہرا تھا اس کی فلاسفی سمجھ نہیں آئی۔ کچھ دیر کے لئے، جلتے ہوئے ذہن پر ٹھنڈے قطرے پڑے۔ اس جگہ کھڑے ہوکر بار بار ہرزاویئے سے اس کی تصاویر لیں ایک عجیب بات دیکھنے میں آئی ہم نے تو اس جگہ وقت لگانا ہی تھا، مگر دوسرے لوگ بھی سب یہیں اکٹھا ہو رہے تھے، حیرت اور دلچسپی کے ساتھ اسے دیکھ رہے تھے تصاویر لے رہے تھے، ایک چینی گروپ کو دیکھا جسے ان کا گائیڈ نہ جانے کیا بتا رہا تھا، بھلا کیا بتا رہا ہوگا، کہ یہ عظیم عمارت عرب مسلمانوں کی یادگار ہے انہی عرب مسلمانوں کی جن کو آج عجیب عجیب نام دیئے جاتے ہیں۔ درمیان میں چند میٹر پر مشتمل قدیم مسجد کی محراب اور آیات پر مشتمل یعنی جیسا کہ وہ اس زمانہ میں تھا نظر آیا۔ اس کے گرد No entry کی سرخ پٹی لگا کر اس کے قریب جانے کا رستہ بند کردیا گیا تھا۔ نجانے اس میں احبابِ اقتدار کی کیا حکمت تھی۔

ہم کیا دیکھنے آئے تھے؟ کیوں آئے؟، یہ سوال بار بار ذہن اور دماغ کو جھنجھوڑ رہے تھے۔ ہم پر پہلا تازیانہ اس وقت پڑا جب ٹکٹ دکھاتے ہوئے ہم نے مسجد کی بات کی کہ اسی ٹکٹ میں ہی ساری مسجد دیکھنا ہے، کیونکہ باہر کیتھڈرل کا بورڈ لگا ہوا تھا۔ مسجد کے گیٹ پر کھڑے ٹکٹ چیکر نے ہمارے نقابوں کو دیکھا مسکرایا اور کہنے لگا کہ اب یہ مسجد نہیں اس کا نام اب کیتھڈرل ہے۔ خون کا گھونٹ بھر کر آگے چل پڑے۔ دوسرا تازیانہ اس وقت پڑا جب ہم میں سے ایک نے فرش پر بیٹھ کر کیمرہ الٹا کر کے مسجد کی چھت کی تصویر لینا چاہی۔ ایک سیکیورٹی والے نے فوراً یہ کہہ کر اٹھا دیا کہ یہ چرچ ہے اور اس میں فرش پر بیٹھنا منع ہے۔ اس وقت ہم نے جانا کہ وہ ٹکٹ بیچنے والا ہم سے یہ کہہ رہا تھا کہ مسجد کا وجود اب ختم ہو چکا ہے اب جو بھی ہے اس کا نام کیتھڈرل ہے جو کھلا ہے اور پانچ بجے بند ہوگا، مگر اپنی ناقص انگلش کی وجہ سے ہمیں صحیح سمجھا نہیں سکا۔ خیر وہ سیکیورٹی والا آدمی ہم سے پیچھے ہٹا ہی نہیں ہمیں باہر تک چھوڑنے آیا۔

باہر نکلے تو ایک اور تازیانہ ہمارا انتظار کر رہا تھا، مسجد کے احاطے سے نکل کر باہر آئے تو اچانک چرچ کی گھنٹیاں بج اٹھیں اس بات کے لئے تو ذہن بالکل تیار نہیں تھا۔ انتہائی بوجھل دل لئے ہم وہاں سے نکلے، ذہن اتنا پریشان تھا، کہ اب آگے ملاغا جانے کو دل نہیں چاہا، بیت بشارت فون کیا کہ ہم واپس آرہے ہیں، ایک رات اور قیام کریں گے۔ بیت بشارت جاکر ہمیں اس تحفظ اور خود اعتمادی کا احساس ہوا جو قرطبہ کے ماحول نے ہم سے چھینا تھا، اللہ کے حضور حاضر ہوکر روئے گڑگڑائے اور اس باری تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اے مالک تیرے عجیب کام ہیں۔ تو نے بیت بھی دی ہے تو بالکل ہی قرطبہ کے پاس کہ وہاں سے اذیت ناک تصور لے کر آؤ تو بیت بشارت آگے پناہ دینے کے لئے بانہیں پھیلائے کھڑی ہو، رات بیت بشارت کی پناہ میں گزار کر صبح مربی صاحب سے جبل الطارق کا روٹ پوچھ کر بیت بشارت کو خدا حافظ کہہ کر اگلی منزل کی طرف ہولئے اب جبل الطارق ہمارے مشن کی آخری کھڑکی تھی جسے ہم کھٹکھٹانے چل پڑے۔

جبل الطارق

ہم نے صبح نمازِ فجر کے بعد سفر شروع کیا، ابھی سارا پیدرو آباد کہر میں ڈوبا ہوا تھا۔ تیس کلومیٹر کے بعد قرطبہ شہر ہمارے رستے میں پھر آگیا، دور سے ہی بیت کے میناروں کو ایک نظر دیکھا ٹھنڈی آہ بھری اور بیت بشارت کا روح افزا تصور ذہن میں لاکر اس دردناک تجربے سے چھٹکارا پانے کی کوشش میں سپین کی فضاؤں کے نظارے کرنے میں لگ گئے ابھی سورج بہت دور تھا ایک خوبصورت منظر جو اب تک نظر آیا وہ پوٹھہاری زمین میں کہر اور دھند سے لپٹا ہوا سفید مکانات اور عمارات پر مشتمل گاؤں نظر آتا ایسے لگتا جیسے خالی زمین کے درمیان میں کسی نے اٹھا کر سفید عمارات رکھ دی ہیں جو آہستہ آہستہ دھند کے پردے سے سر باہر نکال رہی ہیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ ساری عمارتیں ہی سفید تھیں، یا ہوسکتا ہے سفید کے علاوہ دوسرے اتنے ہلکے رنگوں میں ہوں کہ صبح کی دھند میں سفید نظر آرہی ہوں، بہرحال ابھی تین، چار گاؤں ہی ایسے آئے تھے کہ گاڑی میں گڑبڑ ہوگئی، گاڑی کا کلچ بالکل جواب دے گیا۔ بہرحال کمپنی والوں کو فون کیا گیا۔ پہلے ٹیکسی پر ہمیں Sivilla تک جانا تھا وہاں سے ہمیں کمپنی سے نئی گاڑی لے کر اپنا اگلا سفر جاری رکھنا تھا۔ اس علاقے سے جہاں سے ہماری گاڑی خراب ہوئی، اگلی گاڑی تک تقریبا ڈیڑھ گھنٹہ کا فاصلہ تھا، سارا علاقہ زیتون کے باغات سے سجا ہوا تھا، یہ علاقہ ملاغا سے غرناطہ تک کے رستے والے علاقے سے قدرے ہموار تھا۔ اس میں ٹیلے تو تھے مگر اتنے اونچے نہیں تھے۔

Sivilla سے جاکر نئی گاڑی لی، اب روٹ بدل گیا تھا۔ ہم نے ہر رنگ، نسل، شکل، پیشے اور عمر کے انسان سے اس دن اپنے رستے کی تصدیق کروائی، آفرین ہے اس قوم پر مجال ہے کسی کے ماتھے پر بل آیا ہو، ہم نقشہ اس کے آگے رکھ دیتے جس پر جبرالٹر لکھا ہوتا یا محض جبرالٹر کا لفظ ہی بولتے۔ مخاطب فوراً ہاتھ کے اشارے سے ہمیں۔ چوک، چوک کی گولائی، دائیں، بائیں، سائین بورڈ، چھوٹی سڑک، ہائی وے، غرض سب کچھ ہی سمجھا دیتے۔ یہ تجربہ ہمیں یہاں ہی نہیں ہوا بلکہ پہلے تین دن بھی ہم نے اس قوم کو جغرافیے سے خوب واقف پایا۔ اور کوئی ایسا تجربہ ہمیں نہیں ہوا کہ کسی نے منہ بنایا ہو یا بیزاری کا اظہار کیا ہو۔

ہم تقریباً پانچ بجے کے قریب پارکنگ میں جا کر کھڑے ہوئے۔ بھاگم بھاگ بارڈر پر پہنچے معلوم ہوا کہ اب اوپر جانے والی چیئر لفٹ بند ہو چکی ہے کوئی ٹیکسی لینا پڑے گی۔ ایک ٹیکسی کراوئی جس نے ہمیں جبل الطارق کے اوپر لے کر جانا تھا۔

ٹیکسی والے نے بھی وقت کی نزاکت کے احساس سے ہم سے منہ مانگی قیمت لی۔ دو منٹ تک ٹیکسی والا خاموش رہا پھر بے چارے سے خاموش نہ رہا جاسکا۔ ہمیں ہندوستانی اور لندن سے آمدہ مہمان سمجھ رہا تھا، غلطی درست کروانے پر اسے اپنی میزبانی کے فرائض کا زیادہ احساس ہونے لگا۔ سب سے پہلے ہمیں وہ پہاڑ کی اس سطح پر لے گیا جہاں، روایات کے مطابق، طارق بن زیاد کی کشتیاں آکر لگی تھیں۔ ٹیکسی والے نے ہمیں بتانا شروع کیا کہ وہ دیکھو سامنے مراکش ہے جو صرف 129 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ یہاں سے ایک عرب طارق بن زیاد آیا تھا۔ اس نے اپنی کشتیاں جلائیں۔ جو la اور al سے لفظ شروع ہورہے ہیں وہ عربی سے ماخوذ ہیں۔ وغیرہ وغیرہ ۔

اس میں رہیں گے اس میں مریں گے' کی طرح کے ترانے اور نغمے سن سن کر بڑے ہوئے ہیں۔

پہاڑی کی اس سطح سے ابھی ہم نے بہت اوپر جانا تھا۔ پتلی سڑک جو پہاڑی میں بل کھاتی اوپر ہی اوپر جارہی تھی۔ جہاں ہمیں ٹیکسی ڈرائیور لے کر گیا تھا، وہ یک طرفہ رستہ تھا، اس کے بیان کے مطابق یہاں صرف ٹیکسی ہی کو اجازت ہے۔ بالکل اوپر کی چوٹی پر جاکر اس نے ٹیکسی کھڑی کی، وہاں بندروں کا راج تھا، گورنمنٹ کی اجازت سے وہاں بندر رکھے ہوئے تھے، تقریباً دوسو کے قریب بندر تھے۔ ٹیکسی ڈرائیور نے جیب سے مونگ پھلی نکال کر دی کہ انہیں کھلانا چاہو تو کھلاؤ، جس میں اتنا جگرہ تھا اس نے یہ مہمان نوازی نبھائی، ہماری تو جانوروں کو دیکھتے ہی، جان ہوا ہو جاتی ہے۔ وہاں کھڑے ہوکر نیچے گہرائی میں شوریدہ موجوں کو دیکھنا اور سننا بہت کچھ یاد دلا رہا تھا۔ یہاں کچھ دیر سانس لے کر اپنی نفسیات خود ہی سمجھنے کی کوشش کی! اصل میں ہم کسی غیر سے یہ سننے کے لئے تو تیار تھے کہ جبرالٹر کی سیاسی اقتصادی اور معاشی حیثیت کیا ہے یا کم از کم اس کی ذاتی معلومات کی قدر ہم کرسکتے تھے مگر یہ نہیں کہ وہ ہمیں انجان سمجھ کر طارق بن زیاد کے متعلق معلومات فراہم کرے! عربوں کی آمد کی تاریخ ہم اس سے کیوں سنتے۔ ہم کیوں نہ اسے فخر سے بتاتے کہ یہ ہمارے آباء تھے جو عقابی نظریں اور شیر کا جگرہ رکھتے تھے۔ جو بادلوں کے ساتھ اڑتے ہوا کے ساتھ تیرتے ہوئے آئے اور اندلس کی چھاتی پہ اپنے آہنی پنجے جمادئے۔

چٹان کی پچھلی طرف کی سر پٹختی موجیں عجیب ہیبت کا نظارہ دے رہیں تھیں۔ اس بلند و بالا چٹان سے واپس آتے ہوئے اس کے دائیں طرف قدرے

